13/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

معذور طالب علم قومی وظیفہ کیلئے www.scholarship.gov.in پر درخواست کریں

آخری تاریخ 15 دسمبر: تفصیلی معلومات www.uphwd.gov.in پر موجود

لکھنؤ: ۱۳/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

محکمۂ معذور افراد مستحکم کاری، وزارت سماجی انصاف و اختیارات، حکومت ہند کے ذریعہ قومی وظیفہ پورٹل (National Scholarship Portal) کے توسط سے معذور طالب علموں کیلئے چلائی جارہی مرکزی امداد یافتہ وظیفہ اسکیم کے تحت پری-میٹرک، پوسٹ میٹرک اور ٹاپ کلاس وظیفہ کیلئے درخواست کرنے کی آخری تاریخ 15 دسمبر 2021 طے کر دی گئی ہے۔ یہ وظیفہ تعلیمی سیشن 2021-22 کیلئے فراہم کرائی گئی ہے۔ حکومت ہند کے ذریعہ مقررہ نظام الاوقات کے مطابق آن لائن درخواست کرنے کی آخری تاریخ 30 نومبر 2021 سے بڑھا کر 15 دسمبر 2021 کی گئی ہے۔

وظیفہ کی اہلیت کی شرائط اور تفصیلی معلومات حکومت ہند کی گائڈ لائن میں درج بندوبستوں کے مطابق ہوگی۔ تفصیلی معلومات گائڈ لائن/اہلیت کی شرائط محکمۂ معذور افراد مستحکم کاری، وزارت سماجی انصاف اور اختیارات، حکومت ہند کے ذریعہ وظیفہ سے متعلق ویب سائٹ www.scholarships.gov.in اور محکمۂ معذور افراد مستحکم کاری، اتر پردیش کی ویب سائٹ www.uphwd.gov.in پر موجود ہے۔

☆☆☆☆☆